# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## Media Coordination and Outreach Wing

## پریس ریلیز

مورخہ 20فروری 2022اسلام آباد

بلدیاتی انتخابات کا دوسرا مرحلہ، الیکشن کمیشن آف پاکستان کے زیر اہتمام میڈیا اور سول سوسائٹی کی آگاہی کے لئے ایک روزہ ورکشاپ کل پرل کانٹیننٹل ہوٹل پشاور کے خوشحال ہال میں دن 11 بجے منعقد ہوگا۔

صوبائی الیکشن کمشنر خیبرپختونخوا جناب محمد رازق اس موقع پر مہمان خصوصی ہوں گے۔

جبکہ جائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر خیبرپختونخوا جناب محمد فرید آفریدی شرکاء کو خوش آمدید کہیں گے ۔ میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائیندوں کو بلدیاتی نظام اور انتخابی عمل سے متعلق خصوصی بریفنگ دی جائیگی۔ ورکشاپ میں انتخابات کو کور کرنیوالے صحافی ، اکیڈیمیا اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے تنظیموں کے نمائیدے شریک ہوں گے۔ ورکشاپ کا بنیادی مقصد میڈیا اور سول سوسائٹی کو بلدیاتی انتخابات سے متعلق آگاہی دینا ہے تاکہ متعلقہ 18 اضلاع میں ہونیوالے بلدیاتی انتخابات کے حوالہ سے عوام کی لمحہ بہ لمحہ راہنمائی ہوسکے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے میڈیا کے ساتھ ورکشاپس کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے، جس کا پہلا ورکشاپ کل سے پشاور میں منعقد کیا جا رہا ہے، اقر اسی طرح 18 اضلاع بشمول 4 قبائیلی اضلاع میں مقامی پریس کلبوں کے تعاون سے یہ ورکشاپس منعقد کئے جا رہے ہیں۔ جس میں میڈیا کے علاوہ امیدواران ، پولنگ ایجنٹس سول سوسائٹی کے نمائیندے شامل ہوں گے۔ تاکہ نچلی سطح پر ان ہی اضلاع میں میڈیا کے تعاون سے ان کو بیلٹ پیپرز کی 6 اقسام اور انتخابات کے طریقہ کار سے متعلق آگاہی دی جائیگی، تاکہ عوام 31 مارچ کو ہونیوالے انتخابات میں اپنا

ووٹ پول کرانے میں آسانی ہو۔اس کے ساتھ ساتھ عوامی آگاہی کے لیے 18 اضلاع کے مختلف ڈویژن میں یونیورسٹیوں کے طلباء وطالبات اور اساتذہ کے ساتھ بھی ووٹرز آگاہی ورکشاپس منعقد کرائ جا رہی ہیں تاکہ سٹوڈنٹس اپنے علاقوں اور محلوں میں بطور رضاکار عوام کو دوسرے مرحلے کے بارے میں ضروری معلومات بھی دیں اور ووٹرز ٹرن آوٹ بڑھانے میں بھی الیکشن کمیشن کا ساتھ دیں۔20 مارچ تک ورکشاپس کے سلسلے جاری رہے گے۔